سلسلہ مطبوعات 44
سنّت رسول الثقلین
فی ترکِ رفع الیدین
تالیف
مولانا آصف احمد دامت برکاتہم
اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

اللھم
صل علی محمد وعلی آل محمد
کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید
اللھم
بارک علی محمد وعلی آل محمد
کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید

فہرست مضامین

مقدمۃ الکتاب

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم وعلی الہ وازواجہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ......امابعد......

برادران اسلام جب سے انسانی مخلوق دنیا میں آئی ہے اسی دور سے اختلاف بھی ساتھ ساتھ چلا آ رہا ہے۔مثلاً انبیاءعلیہم الصلوۃ والسلام کی شریعتوں میں اختلاف موجود ہے اور اسی طرح صحابہ کرامؓ میں بھی اختلاف موجود ہے۔تابعین وتبع تابعین میں اختلاف موجود ہے اور ائمہ فقہاء ومجتہدین میں عموماً اور ائمہ اربعہ میں خصوصاً اختلاف رائے موجود ہے اور محدثین کرام میں بھی اختلاف رائے موجود ہے ۔اختلاف درحقیقت زندگی کی علامت ہے۔کمالا یخفی علی اھل العلم۔بلکہ زندگی کے تمام شعبوں میں اختلاف موجود ہے۔حتیٰ کہ سائنس دانوں میں اختلاف موجود ہے۔اورڈاکٹروں،طبیبوں میں بھی اختلاف موجود ہے۔محض اختلاف کا ہونا معیوب نہیں جب تک یہ حد سے تجاوز نہ کرے بلکہ اعتدال کیساتھ ہوتو ٹھیک،ورنہ یہ فتنہ وفساد کا باعث بنتا ہے۔ہمارے امام اعظم فی الانبیاء سیدنا ومولانا محمد عربی ﷺ کے دین اور شریعت میں اختلاف کی دوقسمیں ہیں (۱)اصول میں یعنی عقائد ونظریات میں اختلاف جو بہت زیادہ مذموم ہے۔(۲)فروع میں اختلاف یعنی اعمال میں ائمہ کرام کا گو اختلاف ہے مگر یہ قابل برداشت ومقبول ہے ان فروعی اختلاف میں سے ایک اختلاف مسئلہ رفع الیدین فی الصلوۃ میں ہے۔جو کہ نصوص متعارضہ اور اجتہادی اختلاف کی وجہ سے صدر اول سے لیکر تا ہنوز چلا آ رہا ہے۔اس میں ایک طرف اہل السنۃ والجماعۃ الحنفیہ والمالکیہ ہیں جو ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کے قائل و فاعل

ہیں اور دوسری طرف اہل السنۃ والجماعۃ الشافعیہ والحنابلہ ہیں جو اثبات رفع الیدین عند الرکوع والسجود کے قائل وفاعل ہیں۔

دیکھئے اول الذکر کا مذہب ومسلک (کتاب الحجہ لامام محمد ص ا، موطا امام محمد، سنن طحاوی، المدونۃ الکبری ص ج ا ے التمہید لابن عبدالبر ص ۴، بدایۃ المجتہد لابن رشد ص ا) ثانی الذکر کا مذہب ومسلک (کتاب الام شافعی ص ا، جزر رفع الیدین للبخاری ص، معرفۃ السنن ولاآثار للبیہقی، مسائل احمد براویۃ ابنہ، المغنی لابن قدامہ، شرح مسلم للنووی وغیرھا)

مگران دونوں فریقوں کا یہ عملی اختلاف علمی واعتدالی اختلاف کے دائرے میں ہے۔انہوں نے ایک دوسرے کی نماز کو''باطل''اور''نہیں ہوتی'' کا فتویٰ نہیں لگا بلکہ ایک دوسرے کا اقتداء میں نمازوں کو جائز قرادیا ہے۔مثلاً

(ا) قال الامام الحافظ المحدث عبد الله بن احمد بن حنبل سئلت ابی عمن یتقدم فی الصلوة رجل یحفظ القران لا یرفع یدیه اذ ارکع او رجل یرفع لا یحفظ القران قال یوم القوم اقرؤهم لکتاب الله وینبغی له ان یرفع یدیه لانه السنة ـ

(مسائل احمد بروایة ابنه ص ٧٠ فقره ص٢٥٢)

(٢) قال الامام الحافظ المحدث الناقد السید محمدانور شاه الکشمیری الحنفی۔ جواز اقتداء الحنفی بالشافعی فی مسائل رفع الیدین والتامین اه ملخصا۔

(فیض الباری ج٢ص٣٩٦ بحوالہ نورالصباح لحافظ الدیروی ج اص ٢٩)

ترجمہ : حضرت امام حافظ محدث سید محمد انور شاہ کشمیری حنفی نے فرمایا کہ شافعی مسلک والے امام کے پیچھے جو نماز میں رفع الیدین اور آمین بالجہر کرتا ہو حنفی کی نماز جائز ہے۔

(۳) قال الامام الحافظ المحدث ابن تیمیة الحنبلی م ۷۲۸ ھ وعلی المومنین ان یتبعوا امامهم اذا فعل الی ان قال وسوا ء رفع یدیه اولم یرفع یدیه لا یقدح ذالك فی صلوتهم ولا یطلبها لا عند ابی حنیفة ولا الشافعی ولا مالك ولا احمد ولم یرفع الامام دون الماموم او الما موم دون الامام۔

(مجموع فتاویٰ لابن تیمیہ ج۲۲ص۲۵۳)

فائدہ: قارئین علمی اختلاف کے باوجود ایک دوسرے کے احترام کا یہ عالم ہے کہ ایک دوسرے کے پیچھے نمازوں کے جواز کا فتویٰ دیا اور ایک دوسرے کی نمازوں کو باطل نہیں کہا۔ برخلاف برصغیر کے نومولود لا مذہب نام نہاد اہلحدیث فرقہ غیر مقلدین کے۔ کہ انہوں نے تارک رفع الیدین عندالرکوع وغیرہ کی نماز کو باطل وخلاف سنت وتارک فرض وواجب کہا ہے مثلاً

(۱) جناب مسعود احمد غیر مقلد نے مستقل رسالہ لکھا ہے کہ رفع یدین فرض ہے دیکھئے (ہمارے نامور علماء علم کی کسوٹی پر رفع یدین فرض ہے۔طبع کراچی)

(۲) جناب محمد رفیق پسروری غیر مقلد لکھتا ہے کہ رکوع میں جاتے وقت اور اٹھتے وقت رفع الیدین کا مسئلہ نماز کے ارکان سے تعلق رکھتا ہے۔الی ان قال بلکہ راقم الحروف کے عقیدے کے مطابق تارک کی نماز ہی نہیں ہوتی۔ دیکھئے (فتاویٰ رفیقیہ حصہ چہارم ص۱۳۵)

(۳) جناب پروفیسر عبداللہ بہاولپوری غیر مقلد لکھتا ہے کہ رفع الیدین واجب ہے۔

(۴) جناب صادق سیالکوٹی غیر مقلد لکھتا ہے کہ رفع الیدین کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت برحق ہے۔(صلوۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم از صادق سیالکوٹی ص۱۹۹)

(۵) جناب زبیر علی زئی غیر مقلد لکھتا ہے کہ نماز میں رکوع سے پہلے اور رکوع

کے بعد دونوں ہاتھوں کو کندھوں یا کانوں تک اٹھانے کو رفع الیدین کہتے ہیں۔
اہلحدیث اس رفع الیدین کو سیدنا امام اعظم محمد رسول اللہ ﷺ کی غیر منسوخہ وغیر متروکہ سنت کہتے ہیں۔دیکھئے (نور العینین لعلی زئی ص۵۲،طبع ۲۰۰۶ء)

تبصرہ: ان حضرات نے گویا رفع الیدین فی الصلوۃ کو فرض ورکن اور واجب وسنت غیر منسوخہ وغیر متروکہ قرار دیا ہے۔یعنی جو شخص اس کا تارک ہوگا وہ فرض ورکن اور واجب وسنت غیر منسوخہ کا تارک ہوگا اور اس کی نماز باطل یعنی نہیں ہوگی یا کم ازکم سنت کے خلاف ہوگی۔معاذ اللہ

تنبیہ: جناب زبیر علی زئی غیر مقلد نے تو نام نہاد اہلحدیث ہونے کا دعویٰ و عمل بھی مکمل نہیں لکھا۔کیونکہ غیر مقلدین چار رکعات نماز میں چار مقام پر رفع الیدین کرتے ہیں جو دس مرتبہ بنتی ہے۔اور علی زئی عیر مقلد نے تین مقام کا یہاں ذکر کیا ہے اور چوتھے مقام " اذا قام من الرکعتین" کی رفع الیدین کا اپنے دعویٰ وعمل کو اس مقام پر ذکر نہ کرنا عجیب طفلانہ حرکت ہے یا بے ہوش ہونے کی دلیل ہے۔

"رفع الیدین فی الصلوۃ کی تفصیل"

قارئین کرام! چار رکعات نماز میں رسول اقدس ﷺ سے کتب صحاح ستہ یعنی، بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ وغیرہ میں اٹھائیس مرتبہ رفع الیدین کرنا ثابت ہے۔لیکن اس پر آپ ﷺ نے دوام وہمیشگی نہیں فرمائی۔نماز کے بہت سے احکام تبدیل ہوئے نہیں بلکہ بنص حدیث معاذ رضی اللہ عنہ نماز کے احکام تین دفعہ تبدیل ہوئے ہیں۔(ابوداؤد، ابن خزیمہ)

اور رفع الیدین کا حکم بھی تبدیل ہوا ہے۔تکبیر تکریمہ کی رفع الیدین کے علاوہ باقی مقامات کی رفع الیدین بوجہ تبدیلی متروک ومنسوخ ہوگئی۔صرف شروع نماز کی رفع الیدین بغیر تبدیلی حکم نسخ وترک کے باقی و ہمیشہ رہی ہے اور یہی درحقیقت قولی

وفعلی سنت غیر مسنوخہ ومتروکہ ہے اور اسی پر اجماع ہے اور یہی مذہب ومسلک بیشمار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہے جس میں تقریباً پندرہ سو صحابہ رضی اللہ عنہم تو صرف اہل الکوفہ تھے اور بیشمار تابعین کا بھی یہی مذہب ہ اور ائمہ اربعہ میں امام اعظم فی الفقہاء ابوحنیفہ التابعی الکوفی رحمۃ اللہ علیہ، امام مالک بن انس المدنی رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ومسلک ہے اور یہی حق وصواب ہے۔

پہلی حالت سجدوں کی رفع الیدین کا ثبوت

(۱)عن ابن عمرؓ مرفوعاً کان یرفع یدیہ فی کل خفض ورفع ورکوع وسجود وقیام وقعود بین السجدتین ...... الخ (شرح مشکل الاثار لطحاوی ج۲ص۲۰رقم الحدیث ۲۴، وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم، بیان الوہم لابن القطان ج۵ص۶۱۳ وقال صحیح، طرح التثریب للعراقی ج۱ص۲۶۱)

ترجمہ : حضرت سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اونچ نیچ اور رکوع وسجود، قیام وقعود بین السجدتین رفع الیدین کرتے تھے۔

فائدہ: یہ پہلی حالت کا عمل ہے......واللہ اعلم بالصواب

ومثلہ ونحوہ فی المصنف لابن ابی شیبہ ج۱ص ۲۶۶ وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم، جزء رفع الیدین للبخاری ص۴۸ رقم الحدیث۸۳، وقال البخاری صحیح ص ۵۸، زیادات علی جزء البخاری ازفیض الرحمٰن غیر مقلد ص ۶۸ وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم)وغیرہ

(۲)عن انسؓ مرفوعاً کان یرفع یدیہ فی الرکوع والسجود۔ سندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم (مصنف ابن ابی شیبہ ج۱ص ۲۶۶، مسند ابی یعلی ج۶ص ۳۹۹رقم الحدیث ۳۷۹۹، مجمع الزوائد ج۲ص۲۲۰ وقال الھیثمی رواہ ابویعلی ورجالہ الصحیح، اتحاف الخیرۃ المھرۃ ج۲ص۳۲۵ وقال اسنادہ صحیح، المحلی بالآثار لابن حزم ج۳ ص ۹۔۴ وقال صحیح، السنن الدارقطنی ج۱ص۲۹۳ رقم الحدیث ۱۱۰۶ وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم الاحادیث المختارہ ج۶ص۵۲رقم الحدیث ۲۰۲۶،۲۰۲۵وقال صحیح)وغیرہ

ترجمہ: حضرت سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رفع الیدین کرتے تھے رکوع اور سجود میں۔

فائدہ: یہ پہلی حالت کا عمل ہے جو بوجہ تبدیلی احکام متروک ومنسوخ ہوگیا تھا۔ وللہ الحمد

(۳) عن مالك بن الحويرث رضی اللہ عنہ مرفوعاً كا ن يرفع يديه حيال اذنيه فى الركوع والسجود وفى رواية اذا سجد واذا رفع راسه من السجود حتى يحاذى بهما فروع اذينه...... الحديث

(مسند احمد ج ۵ ص ۶۶ رقم الحدیث ۲۰۵۶۲ وسندہ صحیح علی شرط مسلم، صحیح ابی عوانہ ج ۱ ص رقم الحدیث وقال صحیح، المجتبیٰ للنسائی ج ۱ ص ۱۶۵، ۲،۱۷ اوسندہ صحیح علی شرط مسلم، المحلی بالآثار لابن حزم ج ۳ ص ۸ تا ۱۰ اوقال صحیح) وغیرہ

ترجمہ: حضرت سیدنا مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم رکوع وسجود میں کانوں کی لوتک رفع الیدین کرے تھے۔

فائدہ: اس صحیح حدیث میں بھی پہلی حالت کا عمل ہے جو متروک ومنسوخ ہوگیا تھا۔ وللہ الحمد

(۴) عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ مرفوعاً اذا يرفع راسه من السجود ايضاً رفع يديه وفى رواية اذركع واذا سجد وفى رواية ورفع يديه مع كل تكبيرة۔

(ابوداؤد ج ۱ ص وسندہ صحیح، التمہید لابن عبدالبر ج ۹ ص وسندہ صحیح، الاحاد والمثانی لابن ابی عاصم ج ۵ ص ۷۸۔۷۹ رقم الحدیث ۲۶۱۹ وسندہ صحیح، معجم الکبیر للطبرانی ج ۲۲ ص ۲۸ رقم الحدیث ۶۱ وسندہ صحیح وج ۲۲ ص ۳۲ رقم الحدیث وسندہ صحیح)

ترجمہ: حضرت سیدنا وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدوں سے سر اٹھاتے تو اسی طرح رفع الیدین کرتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر تکبیر کے ساتھ رفع الیدین کرتے تھے۔

فائدہ: حضرت سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ وسیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ وسیدنا مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ اور سیدنا وائل بن حجر رضی اللہ عنہ وغیرہم نے اس رفع الیدین کو بیان کیا ہے جو پہلی حالت والی ہے جو کہ مسنوخ ومتروک ہوگئی تھی۔ کما لا یخفیٰ علیٰ اھل العلم

پہلی حالت سجدوں کی رفع الیدین کے ترک کا ثبوت

(۱)عن ابن عمرؓ مرفوعاً وکان لا یفعل ذالك فی السجود وفی الروایة ولا یفعل ذالك حین یسجد ولاحین یرفع راسه من السجود وفی الروایة وکان لا یرفع بین السجد تین۔ (بخاری ج ا ص ۱۰۲، نسائی ج ا ص)وغیرہ

ترجمہ: حضرت سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ اور (آپ صلی اللہ علیہ وسلم) سجدوں میں رفع الیدین نہ کرت تھے۔ ایک حدیث میں ہے کہ رفع الیدین والا فعل جب سجدہ کرتے تو نہ کرتے اور جب سجدوں سے سر اٹھاتے تب بھی نہ کرتے تھے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ دونوں سجدوں کے بیچ رفع الیدین نہیں کرتے تھے۔

(۲) عن ابی موسیٰ الاشعریؓ مرفوعاً ولا یرفع بین السجدتین (سنن دارقطنی ج ا ص ۲۹۴ رقم الحدیث ۱۱۱۱)

ترجمہ: حضرت سیدنا ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں رفع الیدین نہ کرتے تھے۔

فائدہ: یہ پہلی حالت کی رفع الیدین کا ترک ونسخ ہے...... وللہ الحمد

دوسری حالت اذا قام من الرکعتین وبین الرکعتین کی رفع الیدین کا ثبوت

(۱)عن ابن عمرؓ مرفوعاً اذا رکع واذا رفع راسه من الرکوع ولایرفع بعد ذالك

(الناسخ والمنسوخ الابن شاہین ص ۱۳۵ وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم، غرائب مالک الدارقطنی وقال ابن حجر اسنادہ حسن، فتح الباری ج ۲ ص ۲۸۱) وغیرہ

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم) جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین کرتے تھے۔ اور اسکے بعد (پوری نماز میں) رفع الیدین نہیں کرتے تھے۔

فائدہ: اس صحیح حدیث میں قبل الرکوع کی رفع الیدین کے علاوہ " اذا قام من الرکعتین واذا قام بین الرکعتین" کی رفع الیدین کی لفظ "لا" سے نفی ومنع اور نسخ وترک ثابت ہے۔ کما صرح الامام ابن حجر فانظر، فتح الباری لابن حجر ج ۲ ص ۲۸۱) یہ دوسری حالت کی رفع الیدین کا نسخ وترک ہے...... وللہ الحمد

تیسری حالت قبل الرکوع وبعد الرکوع کی رفع الیدین کے ترک کا ثبوت

(۱) عن ابن مسعودؓ مرفوعاً الا اخبرکم بصلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فقام فرفع یدیہ اول مرۃ ثم لم یعد وفی نسخۃ ثم لم یرفع وفی روایۃ الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ (صحیح نسائی ص ۱۵۸، ۱۶۱ اسنادہ صحیح، ترمذی ج ۱ ص ۵۹ سندہ صحیح، ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۲۶۷ سندہ صحیح)

ترجمہ: حضرت سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ (فقیہ الامہ) سے مرفوعاً مروی ہے کہ کیا میں تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی خبر نہ دوں تو یہ کہا پس کھڑے ہوئے۔ پس رفع الیدین کیا اول میں ایک مرتبہ پھر (پوری نماز میں) دوبارہ رفع الیدین نہیں کیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا کہ کیا میں تمہیں صلوۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم نہ پڑھاؤں۔ پس سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز (صلوۃ) پڑھی۔ پس رفع الیدین نہیں کیا مگر اول ابتداء میں ایک مرتبہ۔

(۲) عن ابن عمرؓ مرفوعاً و اذا اراد ان یرکع وبعد ما یرفع راسه من الرکوع فلایرفع ولا بین السجدتین وفی راویة اذ اراد ان یرکع وبعدما یرفع راسه من الرکوع لا یرفعهما وفی راویة ترك رفع الیدین فی داخل الصلوة عند الرکوع وثبت علی رفع الیدین فی بدء الصلوة (مسند الحمیدی ج۲ص۲۷۷ رقم الحدیث۶۱۴ وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم، صحیح ابوعوانہ ج۱ص۳۳۴ رقم الحدیث وسندہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم، اخبار الفقہا والمحدثین لقیر انونی ص۲۱۴ وسندہ صحیح)

ترجمہ: حضرت سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم) جب رکوع کا ارادہ کرتے اور بعد رکوع کے سر اٹھاتے تو پس رفع الیدین نہ کرتے تھے اور نہ سجدوں کے درمیان میں رفع الیدین کرتے تھے۔

ایک روایت میں ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کا ارادہ کرتے اور رکوع سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین نہ کرتے، اور ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کی رفع الیدین کو ترک کر دیا یعنی چھوڑ دیا تھا اور ابتداء نماز کی رفع الیدین کرنے پر (ہمیشہ) ثابت قدم رہے۔

فائدہ: ان احادیث صحیحہ صریحہ سے قبل الرکوع و بعد الرکوع کی رفع الیدین کا ترک ثابت ہے جو تیسری حالت کے عمل کا واضح ترک و نسخ ہے اور شروع نماز کی رفع الیدین کا منع و ترک و نسخ دنیا کی کسی کتاب میں نہیں ہے۔ لہٰذا یہی سنت غیر منسوخہ و غیر متروکہ ہے اور یہ موافق بالاجماع ہے۔...... وللہ الحمد

تنبیہ: اس کتاب میں اصل بحث و موضوع رفع الیدین فی الصلوة المکتوبة و بالتبع سنت و النوافل یعنی عام نماز، صلوة وتر مخصوص و زائد نماز اور ایک وقت کی نماز ہے اور اسی طرح عیدین کی نماز سال میں ایک مرتبہ ہے جن کا موضوع و بحث الگ ہے......وللہ الحمد

ابتداء نماز کی رفع الیدین کو پچاس صحابہ کرامؓ روایت کرتے ہیں

(۱) قال الامام الحافظ المحدث ولی الدین ابی ذرعة العراقی م ٨٢٦ ھ ذکرہ والدیؒ (هو الامام الحافظ المحدث ابو االفضل عبدا لرحیم العراقی م سنہ ٨٠٦ھ)فی الاصل فی النسخة الکبریٰ من ان رفع الیدین روی من حدیث خمسین من الصحابةؓ ذکرہ ایضًا فی شرح الفیه(طرح التثریب فی شرح التقریب لابن العراقی ج۱ص۲۶۴)

(۲) قال العلامة الامیرایمانی غیر مقلد م سنہ ۱۱۸۲ھ انه روی رفع الیدین فی اول الصلوة خمسون صحابیا منهم العشرة المشهودلهم بالجنة الخ

(سبل السلام ج۱ص۱۰۱طبع دہلی)

(۳) قال العلامة الشوکانی غیر مقلد م سنہ ۱۲۵۰ھ وجمع العراقی عدد من اول رفع الیدین فی ابتداء الصلوة فبلغوا خمسین صحابیا منهم العشرة المشهود لهم بالجنة۔ (نیل الاوطار لشوکانی ج۲ص۲۰۰ طبع بیروت)

(۴) قال العلامة السید السابق۔ قال الحافظ ابن حجرؒ انه روی رفع الیدین فی اول الصلوة خمسون صحابیا منهم العشرة المشهود لهم بالجنة۔

(الفقہ السنۃ لسید السابق) ج۱ص۱۴۲

فائدہ: ابتداء نماز کی رفع الیدین کو بتصریح ائمہ وعلماء پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں جو کہ متواتر ہیں اور بقول غیر مقلدین کے رفع الیدین پر چارصد احادیث وآثار مروی ہیں۔ دیکھئے ''اثبات رفع الیدین'' لخالد گھرجا کی غیر مقلد وغیرہ

اورالحمدللہ ہم نے تقریباً ایک ہزار سے زائد احادیث وآثار ابتداء رفع الیدین پر جمع کی ہیں اور غیر مقلدین کی چارسو احادیث وآثار میں بھی ابتداء نماز کی رفع

الیدین کا ثبوت موجود ہے جس عمل کو پچاس صحابہؓ روایت کریں اور تقریباً چودہ سو احادیث وآثاراس پر مروی ہوں وہ یقیناً متواتر احادیث ہیں۔ (وللہ الحمد)

بخاری ومسلم کے راویوں پر غیر مقلدین کی جرح

(١) سیدنا حضرت امام سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔

مگر علی زئی غیر مقلد وغیرہ نے ان پر جرح کا نشتر چلایا ہے۔

دیکھئے۔ (نور العینین ص ۴۸، ۱۳۴، ۱۳۸، ۱۴۰، ۲۱۶، ۲۱۷، ۲۲۷، ۲۲۸، ۲۲۹، ۲۲۸، ۲۲۹، ۲۸۸، ابکار المنن لمبا کپوری غیر مقلد ص۲۱۲، نور القمرین لعلی زئی غیر مقلد ص۱۲، حدیث اوراہل تقلید ص۲۲۷، ۲۳، ۲۸۷ از داؤد غیر مقلد)

(٢) سیدنا امام قتادہ رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری مسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔

مگر علی زئی غیر مقلد وغیرہ نے ان پر جرح کا تیشہ چلایا ہے۔

دیکھئے۔ (نور العینین علی زئی غیر مقلد ص۱۰۲، ۱۹۰، تحقیق الکلام مبارکپوری غیر مقلد ج۲ص ۵۸، خیر الکلام محمد گوندلوی غیر مقلد ص ۳۰۵، توضیح الکلام ارشاد الحق غیر مقلد ص۶۸۸)

(٣) سیدنا امام سعید بن ابی عروبہ رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری ومسلم کا اتفاقی راوی ہے۔

مگر علی زئی غیر مقلد نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلایا ہے

دیکھئے۔ (نور العینین علی زئی غیر مقلد ص۱۰۲، ۱۸۹)

(۴) سیدنا امام زہری رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔

مگر علی زئی نے ان پر جرح کا خنجر چلایا ہے۔

دیکھئے۔ (نور العینین ص۱۱۸، ۲۷۱، ۳۲۹، ۳۳۲)

(۵) سیدنا امام یزید بن ابی زیاد الکوفی رحمۃ اللہ علیہ ترجمہ الباب صحیح بخاری اور صحیح مسلم کا راوی ہے۔

مگر علی زئی غیر مقلد وغیرہ نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلایا ہے۔
دیکھیے۔ (نور العینین ص ۱۴۵ تا ۱۴۸، ۲۱۷، ۲۲۹، ۲۹۰، ۲۹۱، حدیث اور اہل تقلید از داؤد غیر مقلد ج ا ص ۳۱۷ تا ۳۶۷)
(۶) سیدنا امام حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی غیر مقلد نے ان کو بھی معاف نہ کیا او جرح کا نشتر چلا دیا۔
دیکھئے۔ (نور العینین ص ۵۰، ۱۹۱)
(۷) سیدنا امام ابوزبیر المکی رحمۃ اللہ علیہ بخاوی ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی غیر مقلد نے ان پر بھی جرح کا خنجر چلاتا ہے۔
دیکھئے۔ (نور العینین ص ۵۰)
(۸) سیدنا امام ابراہیم الثقفی رحمۃ اللہ علیہ بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی نے ان پر بھی جرح کا کلہاڑا چلا دیا۔
دیکھئے۔(نور العینین ص ۱۶۴، ۲۰۲، ۲۳۵، ۳۰۵)
(۹) سیدنا امام ابوبکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ جو بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی غیر مقلد نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلا دیا۔
دیکھئے۔(نور العینین ص ۱۷۰، ۱۷۲، ۳۰۸)
(۱۰) سیدنا امام اسمعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری ومسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی غیر مقلد نے ان پر بھی جرح کا تیشہ چلایا ہے۔
دیکھئے۔ (نور العینین ص ۲۵۸، ۳۱۴)
(۱۱) سیدنا امام حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ بخاری ومسلم کے اتفقی راوی ہیں۔
مگر علی زئی غیر مقلد نے جرح کا نشتر ان پر چلایا ہے۔
دیکھئے۔ (نور العینین ۲۸۶، ۲۹۹)

(۱۲) سیدنا امام حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ جو کہ بخاری و مسلم کے اتفاقی راوی ہیں۔ مگر علی زئی غیر مقلد نے ان پر بھی جرح کا خنجر چلایا ہے۔
دیکھئے۔(نور العینین ص۲۹٦)

ترک رفع الیدین بعد الافتتاح پر پندرہ سو صحابہ سے زائد عامل تھے

(۱) قال الامام الحافظ المحدث ابو عیسیٰ الترمذی الشافعیؒ م ۲۷۹ھ وبه یقول غیر واحد من اهل العلم من اصحاب النبی ﷺ والتابعین وهو سفیان واهل الکوفة (الصحیح والسنن الترمذی ج۱ ص ۵۹)

(۲) والامام الحافظ المحدث ابو عبدالله المزوری السمرقندی الشافعیؒ م ۲۹٤ھ فی کتابه فی رفع الیدین من الکتاب الکبیر لا یعلم مصراً من الامصار ینسب الی اهله العلم قدیما (ای الصحابة التابعین وغیرهم)ترکوا باجماعهم رفع الیدین عند الخفض والرفع فی الصلوة الا اهل الکوفه ...... وفی مقام آخر فکلهم لا یرفع الافی الاحرام۔

(التمهید لا بن عبد البر ج ٤ ص ۱۸۷ والاستذ کارلابن عبدا البر ج ۱ ص٤۰۸)

(۳) قدروی الامام الحافظ المحدث ابوبکر بن ابی شیبةؒ هو شیخ البخاری ومسلم الکوفی م ۲۳۵ھ قال حدثنا وکیع ابو اسامه عن شعبة عن ابی اسحاق (هو عمرو بن عبدالله البیهقی الکوفی م ۱۲۹ھ)قال کان اصحاب عبدا لله واصحاب علی لا یرفعون ایدیهم الافی افتتاح الصلوة۔ قال وکیع ثم لا یعود دون (المصنف ابن ابی شیبۃ ج۱ص۲٦۷ قال ابوشعیب: اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم)

امام عجلی رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح کی ہے کہ امام ابو اسحاق نے ۳۸ صحابہ رضی اللہ عنہم سے

روایت کی ہے۔ (تاریخ الثقات للعجلی ص۲۶۶)

فائدہ: اولاً کوفہ میں کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سکونت پذیر تھے۔ مندرجہ ذیل میں خط دیکھئے۔

(۱)قال الامام الحافظ المحدث قتادۃ بن دعامۃ م۱۱۸ھ نزل الکوفۃ الف و خمسون رجلاً من اصحاب البنی صلی اللہ علیہ وسلم واربعۃ وعشرون من اھل بدر۔

[الکنی والاسماء للدولابی ج۱ ص ۳۸۵ رقم ۱۳۵۹]

(۲)قال الامام الحافظ المحدث الفقیۃ ابراھیم م۹۶ھ قال ھبط الکوفۃ ثلاثمائۃ من اصحاب الشجرۃ وسبعون من اھل بدر۔

(طبقات لابن سعد ج ٦ ص ٤)

(۳) قال الامام الحافظ المحدث احمد العجلی الکوفی م۲۶۱ھ فی تاریخہٖ نزل الکوفۃ الف و خمسمائۃ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔

(تاریخ الثقات للعجلی ص۵۱۷ باب فیمن نزل الکوفۃ وغیرھا من الصحابۃ) بیروت' فتح القدیر لابن ھمام ج۱ ص ۹۱ وشرح النقایۃ لعلی القاری ج ۱ ص ۲۰، وفقہ اھل العراق وحدیثھم لامام کوثری ص ۴۲، مقام ابی حنیفۃ لامام اھل السنۃ ص ۶۰ وغیرھا)

(۴)امام الحافظ محدث حاکم نیشاپوری الشافعی م۴۰۵ھ نے یوں لکھا ہے ذکر من سکن الکوفۃ من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور پھر ۴۹ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام ذکر کئے ہیں۔

(معرفت علوم الحدیث للحاکم ص ۱۹۱)

(۵) قال الامام الحافظ المحدث ابو الخیر محمد السخاوی الشافعی م۹۰۲ھ والکوفۃ ونزلھا الی ان قال وخلق من الصحابۃؓ (الاعلان بالتوبیخ للسخاوی ص ۲۹۵)

خــلاصه : صرف کوفہ شہر میں پندرہ سو صحابہ رضی اللہ عنہم سے زیادہ سکونت پذیر تھے۔ جن میں ستر بدری اور تین سو بیعت رضوان والے صحابہ رضی اللہ عنہم موجود تھے اور بتصریح امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ ان سے بھی زیادہ صحابہ رضی اللہ عنہم کوفہ میں موجود تھے ۔اور بتصریح امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ وامام ابوعبداللہ المروزی رحمۃ اللہ علیہ (بے شمار صحابہ) جو کہ قدیماً کوفہ کے رہنے والے ہیں ترک رفع الیدین عندالرکوع والسجود کے قائل ہیں۔ تکبیر تحریمہ کی رفع الیدین کرنا اور رکوع وسجود وغیرہ میں نہ کرنا قولی وفعلی سنت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہے اور یہی صلوۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ جس پر اہل سنت والجماعت الحنفیہ والمالکیہ عامل ہیں۔ وللہ الحمد

ابواب فقہاء ومحدثین کے لحاظ سے رفع الیدین منسوخ ومتروک ہے

تنبیہ:۔ بتصریح ائمہ نسخ کا انکار یہود ونصاریٰ وغیرہم کرتے ہیں اور ائمہ فقہا ومحدثین عموماً منسوخ ومتروک باب واحادیث پہلے لاتے ہیں اور نسخ وترک کا باب واحادیث بعد میں لاتے ہیں ۔۔۔مثلاً قدقال الامام الحافظ المحدث ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی الشافعی۔ باب الوضوء ممامست النار ذکر مسلم رحمة الله تعالیٰ فی هذا الباب الاحادیث الوارادة بالوضوء مما مست النار ثم عقبها بالاحادیث الوارادة بترك الوضوء مما مست النار فکا نه یشیرالی ان الوضوء منسوخ وهذه عادة مسلم وغیره من ائمة الحدیث یذکرون الاحادیث التی یرونها منسوخة ثم یعقبونها بالناسخ۔

(شرح مسلم للنووی ج ١ ص ١٥٦)

مذکورہ بالا قاعدہ واصول کے لحاظ سے مندرجہ ذیل ائمہ نے احادیث وباب کو ذکر کیا ہے۔

(۱) سیدنا امام فقیہ محدث حافظ محمد بن الحسن الشیبانی رحمۃ اللہ علیہ م ۱۸۹ھ

(دیکھئے موطا امام محمد ۸۹، ۹۰)

(۲) سیدنا امام حافظ محدث ابوبکر عبدالرزاق بن الھمام رحمۃ اللہ علیہ م ۲۱۱ھ

(دیکھئے مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۴۳ الی ۴۶)

(۳) سیدنا امام حافظ محدث ابوبکر ابن ابی شیبہ الکوفی رحمۃ اللہ علیہ م ۲۳۵ھ

(دیکھئے مصنف ابن ابی شیبہ ج۱ ص۲۱۵ و ۲۲۷)

(۴) سیدنا امام حافظ محدث ابوداؤد السجستانی رحمۃ اللہ علیہ م ۲۷۵ھ

(دیکھئے ابوداؤد ج۱ ص۱۱۱، ۱۱۶)

(۵) سیدنا امام حافظ محدث ابوعیسیٰ الترمذی رحمۃ اللہ علیہ م ۲۷۹ھ

(دیکھئے ترمذی ج۱ ص۵۹ و ۷۰، ۷۱ دارالسلام)

(۶) سیدنا امام حافظ محدث ابوعبدالرحمٰن النسائی رحمۃ اللہ علیہ م ۳۰۳ھ

(دیکھئے نسائی ج۱ ص۱۵۸، ۱۶۱)

(۷) سیدنا امام حافظ محدث ابوعلی الطّوسی رحمۃ اللہ علیہ م ۳۲۱ھ

(دیکھئے مختصر الاحکام لطّوسی ص۱۰۸، ۱۰۹)

(۸) سیدنا امام حافظ محدث فقیہ ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ م ۳۲۱ھ

(دیکھئے سنن الطحاوی ج۱ ص۱۶۱، ۱۶۲ الی اخرہ)

(۹) سیدنا امام حافظ محدث ابوبکر احمد بن الحسین البیہقی رحمۃ اللہ علیہ م ۴۵۸ھ

(دیکھئے السنن الکبری للبیہقی ج۲ ص۶۸، ۷۶)

(۱۰) سیدنا امام حافظ محدث ابوعبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ م ۵۹۷ھ

(دیکھئے التحقیق فی الاحادیث الخلاف لابن الجوزی ج۱ ص۳۳۰ تا ۳۳۶)

تلک عشرۃ کاملۃ

فائدہ :

ان ائمہ فقہاء ومحدثین نے رفع الیدین کرنے کی احادیث کو پہلے ذکر کیا اس کے بعد ترک ونسخ رفع الیدین کی احادیث کو ذکر و بیان کیا ہے۔

لہٰذا بالتحقیق والیقین رفع الیدین بعد الافتتاح فی الصلوۃ منسوخ ومتروک ہے۔ (وللہ الحمد)

مسئلہ ترک رفع الیدین بعد الافتتاح فی الصلاۃ المکتوبۃ والنافلۃ سوی الوتر والعیدین پر امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے دور سے لیکر ائمہ نے اپنی کتب میں خوب دلائل کا تجزیہ کیا ہے۔ مثلاً

(۱) نماز کے مسائل پر تفصیلی کتاب الصلوۃ المعروف کتاب العروس لابی حنیفہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ م ۱۵۰ھ نے لکھی (مناقب موفق المکی وغیرہ)

(۲) امام ابوجعفر الطحاوی رحمۃ اللہ علیہ م ۳۲۱ھ نے اپنی کتاب سنن الطحاوی اور مشکل الاثار میں خوب فقیہانہ ومحدثانہ انداز سے احادیث صحیحہ پیش فرمائی ہیں۔

(۳) امام ابوالحسن القدوری رحمۃ اللہ علیہ م ۴۲۸ھ نے اپنی مشہور کتاب التجرید میں خوب فقیہانہ ومحدثانہ طریقہ سے احادیث صحیحہ پیش فرمائی ہیں۔

(۴) امام سرخسی رحمۃ اللہ علیہ م ۴۹۰ھ نے المبسوط میں فقیہانہ اور محدثانہ انداز میں احادیث صحیحہ پیش فرمائی ہیں۔

(۵) امام ابوبکر الکاسانی رحمۃ اللہ علیہ م ۵۸۷ھ نے بھی بدائع الصنائع میں ترک رفع الیدین بعد الافتتاح پر احادیث صحیحہ پیش فرمائی ہیں۔

(۶) امام حافظ محدث مغلطائی رحمۃ اللہ علیہ م ۷۶۲ھ نے شرح سنن ابن ماجہ میں ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ کو پیش فرمایا ہیں۔

(۷) امام حافظ محدث ابومحمد الزیلعی رحمۃ اللہ علیہ م ۷۶۲ھ نے نصب الرایہ میں فقیہانہ ومحدثانہ وناقدانہ انداز سے ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ پیش فرمائی ہیں۔

(۸) امام حافظ محدث ناقد محمود بن احمد العینی رحمۃ اللہ علیہ م ۸۵۵ھ نے عمدۃ القاری علی البخاری والبنایہ شرح الھدایہ وشرح سنن ابی داؤد ونخب الافکار شرح الطحاوی وغیرہ میں ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ کو فقیہانہ ناقدانہ انداز میں پیش فرمایا ہیں۔

(۹) امام حافظ محدث ناقد علی القاری المکی رحمۃ اللہ علیہ م ۱۰۱۴ھ شرح مسند ابی حنیفہ و فتح الباب العنایہ بشرح النقایہ اور شرح مشکوۃ میں ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ کو خوب پیش فرمایا ہیں۔

(۱۰) امام حافظ محدث ناقد ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ م ۱۳۹۴ھ مشہور زمانہ کتاب اعلاء السنن میں ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ کو فقیہانہ ومحدثانہ وناقدانہ انداز سے پیش فرمایا ہیں۔

ان کے علاوہ بھی بہت سے فقہاء اور محدثین نے ترک رفع الیدین کی احادیث صحیحہ کو اپنی کتب میں تخریج فرمایا ہیں۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

مگر میرے اخی الصالح الشیخ المحقق المناظر ابومحمد آصف احمد دامت برکاتھم العالیہ نے اس کتاب میں تقریباً ۳۲۵ احادیث مرفوعہ، موقوفہ اور مقطوعہ کو پیش فرمایا ہیں جو کہ دور حاظر کے غیر مقلدین کے نام نہاد محققین کے دھوکہ وفریب کا قلع قمع ہیں۔ یاد رہیں جو لوگ اہل سنت والجماعت کی مستدل احادیث پر اس طرح کی جرح کرنے کی کوشش کریں جو ان کی اپنی مستدل احادیث پر نہ ہو سکے ورنہ ہم معاف نہیں کریں گے۔ دعا ہے اس کتاب کو اللہ تعالیٰ بیمار قلوب کیلئے ذریعہ شفاء بنائے اور مؤلف کیلئے

ذریعہ نجات بنائے۔

ابو شعیب محمد عبد الغفار فاروقی ذہبی اخص تلامذہ الشیخ المحقق الناقد رئیس المناظرین ابی معاویہ محمد امین صفدر اوکاڑوی نوراللہ مرقدہ۔ خادم شعبہ التخصص فی التحقیق والدعوۃ مرکز اہل سنت والجماعت چک نمبر 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

احادیث

فقیہ الامت

سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

حدیث نمبر۱

اخبرنا محمود بن غیلان المروزی قال حدثنا سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمہ عن عبداللہ انہ قا ل الا اصلی بکم صلوٰۃ رسول اللہ ﷺ فصلی فلم یرفع یدیہ الا مرۃ واحدۃ۔

[نسائی ص ۱۶۱، قدیمی کتب خانہ،نسائی مترجم ج۱ ص۳۴۵ دارالاشاعت]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور صرف (شروع نماز میں) ایک مرتبہ رفع یدین کیا۔

حدیث نمبر۲

اخبرنا سوید بن نصر قال انبانا عبد اللہ بن المبارک عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمہ عن عبد اللہ قال الااخبرکم بصلوٰۃ رسول اللہ ﷺ قال فقام فرفع ید یہ اول مرۃ ثم لم یعد ۔

[نسائی ص۱۵۸ ،قدیمی کتب خانہ،نسائی مترجم ج۱ ص۳۳۷ دارالاشاعت]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ فرمایا! کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی نماز کے متعلق نہ بتاؤں پھر وہ کھڑے ہوئے اور پہلی مرتبہ (تکبیر کہتے وقت) ہاتھ اٹھائے اس کے بعد نہیں اٹھائے۔

حدیث نمبر ۳

حدثناعثمان بن ابی شیبہ حدثنا وکیع عن سفیان عن عاصم یعنی ابن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمہ قال قال عبداللہ بن مسعود الااصلّی بکم صلوۃ رسول اللہ ﷺ قال فصلی فلم یر فع یدیہ الا مرۃ۔

[سنن ابی داود ۱۱۶ مکتبہ امدادیہ]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ

(شروع نماز میں)۔

حدیث نمبر٤

حدثنا هناد حدثنا وكيع عن سفيان عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمه قال قال عبد الله بن مسعود الاصلى بكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى فلم يرفع يديه الافى اول مرّة۔

[ترمذی ۹۰ مکتبه الحسن]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پر پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ شروع نماز میں۔

حدیث نمبر٥

حدثنا وكيع عن سفيان عن عاصم بن كليب عن عبدالله بن الاسود عن علقمه عن عبدالله قال الااريكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يرفع يد يه الامرة۔

[مصنف ابن ابی شیبه ج١ص٢٦٧ مکتبه امدادیه]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں (پھر انہوں نے نماز پڑھی) اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)

حدیث نمبر٦

حدثنا وكيع عن سفيان عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمه قال :قال ابن مسعود الا اُصلّى بكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فصلّى فلم يرفع يديه الامرّة۔

[مسند احمد بن حنبل مجلد ٢٩٣ مکتبه بیت الافکار الدولیه ـ مسنداحمد قدیم ١/ ٣٨٨ ١/ ٤٤٢]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ

(شروع نماز میں)

حدیث نمبر۷

حدثنا ابن ابی داؤد قال حدثنا نعیم بن حماد قال حدثنا وکیع عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمه عن عبد الله عن البنی ﷺ انه کان یر فع یدیه فی اول تکبیر ۃ ثم لا یعود۔

[شرح معانی الآثار ج۱ص ۱۲۲ مکتبه الحقانیه]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے پھر دوبارہ رفع یدین نہ کرتے۔

حدیث نمبر۸

حدیثا محمد بن النعمان قال ثنا یحی بن یحی قال ثنا وکیع عن سفیان فذکر مثله بادسناه۔

[شرح معانی الآثار ج۱ ص ۱٦۲ مکتبه الحقانیه]

(حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ پہلی تکبیر کے قت رفع یدین کرتے پھر دوبارہ رفع یدین نہ کرتے)۔

حدیث نمبر۹

اخبر نا ابو طاهر الفقیه ابنأنا ابو حامد بن بلال انبأ محمد بن اسمعیل الاحمسی ثناوکیع عن سفیان عن عاصم یعنی ابن کلیب عن علقمه قال قال عبد الله یعنی ابن مسعودؓ لا صلین بکم صلوة رسول الله ﷺ قال فصلی فلم یر فع یدیه الا مر ۃ واحد ۃ۔

[السنن الکبری للبیهقی ج ۲ ص ۷۸ مکتبه اداره تا لیفات اشر فیه]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی نماز ضرور پڑھ کہ دکھاؤں گا پھر انھوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)۔

حدیث نمبر ۱۰

حدثناہ حما م حدثنا عبد اللہ بن محمد البا جی حدثنا محمد بن عبد الملك بن أیمن حدثنا محمدبن اسماعیل الصائغ حدثنا زهیر بن حرب حدثنا وكیع عن سفیان الثوری عن عاصم بن كلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمه عن ابن مسعود قال الا اریكم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرفع ید یه فی اول تكبیر ۃ ثم لم یعد۔

[المحلّی ابن حزم ۔ مجلّد ص ۳٦۱ حدیث٤٤۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پس انہوں نے پہلی تکبیر میں رفع یدین کیا پھر دوبارہ (سلام پھیرنے تک) رفع یدین نہ کیا۔

حدیث نمبر ۱۱

حدثنا زهیر حدثنا وكیع حدثنا سفیان عن عاصم بن كلیب عن عبد الرحمٰن بن الاسود عن علقمه قال :قال ابن مسعود الااصلّی بكم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فصلّی بهم فلم یر فع یدہ الا مرۃ۔

[مسند ابی یعلی ج٤ ص ۱٦۷ مکتبه دار الفکر]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں ۔پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)۔

حدیث نمبر ۱۲

قال وكیع عن سفیا ن الثوری عن عاصم عن عبد الرحمن بن الاسود وعلقمته قالا :قال عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ :الااصلی بكم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: فصلی ولم یر فع یدیه الامرۃ۔

[المدونۃ الکبری ج۱ ص ۱٦۰]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)

حدیث نمبر ۱۳

اخبرنا محمو د بن غیلان المر وزی قال انبا وکیع قال حدثنا سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الر حمن بن الاسودعن علقمة عن عبد اللہ قال الا اخبر کم بصلاة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قا ل فقام فرفع یدیه اول مرة ثم لم یر فع اقامة الصلب فی الر کوع۔

[سنن کبر ی للسنا ئی ج۱ ص ۲۲۱ حدیث نمبر ٦٤٥]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)۔

حدیث نمبر ۱۴

اخبرنا سوید بن نصر قال انا عبداللہ عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسودعن علقمةعن عبداللہ قال الااخبرکم بصلاة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فقام فرفع یدیه اول مرة ثم لم یر فع اقامة الصلب فی الر کوع۔

[سنن الکبری للسنائی ج ۱ ص ۳۵۱ حدیث نمبر ۱۰۹۹]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پس انہوں نے پہلی تکبیر میں رفع یدین کیا دوبارہ (سلام پھیرنے تک) رفع یدین نہ کیا۔

حدیث نمبر ۱۵

حدثنا عبدالوارث بن سفیان قال حدثنا قاسم بن اصبغ قال حدثنا عبد اللہ بن احمد بن احنبل قال حدثنی ابی قال حدثنا وکیع عن عاصم بن کلیب عن

عبدالر حمن بن الاسود عن علقمة قال قال ابن مسعودؓ الاصلی بکم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فصلی فلم یر فع یدیہ الامرۃ۔

[التمھید ج ۹ ص ۲۱۵]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھی اور رفع یدین نہ کیا مگر ایک مرتبہ (شروع نماز میں)۔

حدیث نمبر ۱۶

حدثنا عبداللہ بن سعید حدثنا عبداللہ بن ادریس عن عاصم بن کلیب عن عبدالر حمن بن الاسود عن علقمة عن عبداللہ انہ قال الا اریکم صلاۃ رسو ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکبر ورفع یدیہ حین افتتح الصلاۃ۔

[مسند البزار ج۵ ص ۱۲ حدیث نمبر ۱۴۳۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤ ں پس انہوں نے پہلی تکبیر میں رفع یدین کیا۔

حدیث نمبر ۱۷

حدثنا محمد بن العباس الضبعی حدثنا عبداللہ بن ادریس عن عاصم بن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمة عن عبداللہ انہ قال الااریکم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکبر ورفع یدیہ حین افتتح الصلاۃ۔

[مسند البرار ج ۵ ص۱۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کہ نہ دکھاؤں پس انہوں نے پہلی تکبیر میں رفع یدین کیا۔

حدیث نمبر ۱۸

اخبر نا ابو داؤد الطیالسی انا ابو خیثمة ثنا ابو اسحاق عن عبدالرحمن بن الاسود عن ابیہ عن عبداللہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل رفع و وضع

وقیام و قعود۔

[سنن الدرامی ج۱ ص ۲۰۳]

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (نماز پڑھتے) دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے (رفع یدین نہ کرتے)۔

حدیث نمبر ۱۹

اخبر نا ابو داؤد الطیالسی انا ابو خیثمه ثنا ابو اسحاق عن عبدالر حمن بن الاسود عن علقمه عن عبد الله قال رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یکبر فی کل رفع و وضع وقیام و قعود۔

[سنن الدرامی ج۱ ص ۲۰۳]

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (نماز پڑھتے) دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے (رفع یدین نہ کرتے)۔

حدیث نمبر ۲۰

حدثنا محمد زیاد الرازی اخبرنا سلیمان بن الشاذ کونی قال سمعت سفیان بن عیینة یقول اجتمع ابوحنیفه والاوزاعی فی دار الخیاطین بمکه فقال الاوزاعي لابي حنیفة ما بالکم لاترفعو ن ایدیکم فی الصلاة عند الرکو ع وعند الرفع منه؟ فقال ابو حنیفه لاجل انه لم یصح عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه کان یر فع اذاافتتح الصلوة وعند الر کو ع وعندالرفع منه فقال له ابو حنیفه حدثنا حماد عن ابر اهیم عن علقمه عن عبدالله بن مسعودؓ ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان لا یر فع یدیه الاعندافتیتا ح الصلوة ولایعود لشئی من ذلك فقال الاوزاعی احدثك عن الزهری عن سالم عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم فتقول حدثنی حماد عن ابر اهیم ؟ فقال له ابو حنیفه کان حماد افقه من الزهری وکان ابر اهیم افقه من سالم و علقمه لیس بدون ابن عمر فی الفقه و ان کانت لا بن عمر صحبة وله فضل الصحبه والاسودله فضل کثیرو عبدالله هو عبدالله فسکت الا وزاعی۔

[مسند ابی حنفیه بروایت ابن الحارث الحارثی ص ۱۴۴]

سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اوراوزاعی رحمۃ اللہ علیہ مکہ میں گیہوں کی منڈی میں ایک دوسرے سے ملے اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ تم کو کیا ہوا کہ تم نماز میں رکوع جاتے وقت اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہیں کرتے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس کا سبب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارہ میں کوئی صحیح حدیث نہیں ملی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شروع نماز میں رکوع جاتے وقت رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے ہوں پس ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اورزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے کہا ہم سے بیان کیا حماد رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اُن سے علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے دوبارہ رفع یدین نہ کرتے تھے اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں تم سے حدیث بیان کرتا ہوں زہری عن سالم عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سند سے اور آپ بیان کرتے حماد عن ابراہیم کی سند سے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا حماد رحمۃ اللہ علیہ زہری رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ فقیہ ہے اور ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سالم رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ اور علقمہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کچھ کم نہیں اگر چہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کو شرف محبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم حاصل ہے اور پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ تو عبداللہ رضی اللہ عنہ ہی ہے پس امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ خاموش ہوگئے۔

حدیث نمبر ۲۱

حدثنا محمد بن زیاد الر ازی اخبر نا سیلمان بن الشاذ کونی قال سمعت سفیان بن عیینه یقول اجتمع ابو حنیفه والاوزاعی فی دار الخیاطین بمکه فقال الاوازاعی لابی حنیفة مابالکم لاترفعون ایدیکم فی الصلاة عندالرکوع وعند الرفع منه؟ فقال ابوحنیفه لاجل لم یصح عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه کان یر فع اذاافتتع وعند الرکوع وعند الرفع منه فقال له ابوحنیفه حدثنا حماد عن ابراهیم عن الاسود عن عبدالله بن مسعودؓ رسول الله صلی الله علیه وسلم کان لا یر فع یدیه الاعند افتیتاح الصلوة ولایعود لشئی من ذلك فقال الاوزاعی احدثك عن الزهری عن سالم عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم فتقول حدثنی حماد عن ابر اهیم ؟ فقال له ابو

حنیفه کان حماد افقه من الزهری و کان ابر اهیم افقه من سالم و علقمه لیس بدون ابن عمر فی الفقه و ان کانت لا بن عمر صحبة وله فضل الصحبه والاسود له فضل کثیرو عبدالله هو عبدالله فسکت الا وزاعی۔

[مسند ابی حنفیه بروایت ابن الحارث الحارثی ص ۱٤٤]

سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ مکہ میں گیہوں کی منڈی میں ایک دوسرے سے ملے اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ تم کو کیا ہوا کہ تم نماز میں رکوع جاتے وقت اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہیں کرتے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس کا سبب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارہ میں کوئی صحیح حدیث نہیں ملی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شروع نماز میں رکوع جاتے وقت رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے ہوں پس ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اورزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے کہا ہم سے بیان کیا حماد رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اُن سے علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے ہو تو رفع یدین کرتے دوبارہ رفع یدین نہ کرتے تھے اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں تم سے حدیث بیان کرتا ہوں زہری عن سالم عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سند سے اور آپ بیان کرتے حماد عن ابراہیم کی سند سے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا حماد رحمۃ اللہ علیہ زہری رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ فقیہ ہے اور ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سالم رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ اور علقمہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کچھ کم نہیں اگر چہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کو شرف محبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم حاصل ہے اور پھر عبد اللہ رضی اللہ عنہ تو عبداللہ رضی اللہ عنہ ہی ہے پس امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ خاموش ہو گئے۔

حدیث نمبر ۲۲

سفیان بن عیینه قال اجتمع ابو حنیفه والا وازاعی فی دار الخیاطین بمکه فقال الاوازعی لابی حنیفه مابالکم لاترفعون ایدیکم فی الصلوة عند الرکرع والرفع منه فقال ابو حنیفه لاجل انه لم یصح عن رسول الله صلی الله علیه وسلم فیه شئ قال

کیف لا یصح و قدحدثنی الزھری عن سالم عن ابیه عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انه کان یر فع یدیه اذاافتتح الصلوۃ و عند الرکوع وعند الرفع منه فقال له ابو حنیفه فحد ثنا حماد عن ابر اھیم عن علقمه والاسود عن ابن مسعودؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لایرفع ید یه الاعندافتتاح الصلاۃ ولا یعود لشیءمن ذلك فقال الاوزاعی احدثك عن الزھری عن سالم عن ابیه وتقول حدثنی حماد عن ابراھیم فقال له ابو حنیفه کان حماد افقه من الزھری وکان ابراھیم افقه من سالم و علقمه لیس بدون ابن عمر فی الفقه وان کانت لابن عمر صحبة وله فضل صحبة فالاسود له فضل کثیر وعبداللہ ھو عبداللہ فسکت ۔

[مسند امام اعظم مترجم ص ۱۳۳]

سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اوراوزاعی رحمۃ اللہ علیہ مکہ میں گیہوں کی منڈی میں ایک دوسرے سے ملے۔اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہاتم کوکیا ہوا کہ تم نماز میں رکوع کرتے وقت اور سراٹھاتے وقت رفع یدین نہیں کرتے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایااس سبب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارہ میں کوئی صحیح حدیث ثابت نہیں اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا صحیح حدیث کیوں نہیں ہےاورالبتہ حدیث بیان کی مجھ سے زہری رحمۃ اللہ علیہ نے انہوں نے سالم رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے اپنے والد عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شروع نماز میں رفع یدین کرتے اوررکوع جاتے وقت اوررکوع سے سراٹھاتے وقت۔توابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اُن سے کہا مجھ سے حدیث بیان کی حماد رحمۃ اللہ علیہ نے انہوں نے روایت کیا ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے علقمہ واسود رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدین نہ کرتے مگر شروع نماز میں پھر دوبارہ رفع یدین نہ کرتے اس پراوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کہنے لگے میں نے تم سے حدیث بیان کر زہری عن سالم عن ابیہ کے واسطے سےاورتم بیان کرتے ہوحماد عن ابراہیم کے واسطے سےتوابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسکا جواب دیا کہ حماد رحمۃ اللہ علیہ زہری رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ فقیہ ہے اور ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ

سالم رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ فقیہ ہے اور علقمہ رحمۃ اللہ علیہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے فقہ میں کچھ کم نہیں گو شرف صحبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو حاصل ہے اور اسود کو بہت کچھ فضیلت حاصل ہے اور پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ تو عبداللہ رضی اللہ عنہ ہی ہیں اس پر اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ خاموش ہو گئے۔

حدیث نمبر۲۳

حدثنا ابوالاحوص عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن الاسود عن عبداللہ قال: کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل رفع ووضع وقیام وقعود وابو بکر وعمر۔

[مصنف ابن ابی شیبۃ ج۱ ص۲۳۹]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے (رفع یدین نہ کرتے تھے)۔

حدیث نمبر۲٤

حدثنا ابو الاحوص عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمہ عن عبداللہ قال :کان البنی صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل رفع ووضع وقیام وقعو د وابو بکر وعمر۔

[مصف ابن ابی شیبۃ ج۱ص ۲۳۹ رقم الحد یث ۲٤۹۱]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے (رفع یدین نہ کرتے تھے)۔

حدیث نمبر۲۵

حدثنا محمد ابن ابی بکر حدثنا معاذ بن معاذ عن زھیر عن ابی اسحاق عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمۃ عن عبداللہ :کان البنی صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل خفض ورفع وقیام وقعو د ویسلم عن یمینہ و عن یسارہ:السلام علیکم ورحمۃ اللہ و السلام علیکم رحمۃ اللہ حتیٰ یر ی بیاض خدہ وکان ابو بکر و عمر یفعلان ذلك قال حسین سلیم :اسنادہ صحیح۔

[مسند ابی یعلیٰ ج۹ ص ٦٤ رقم الحدیث ٥١٢٨]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے ہیں اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک کی سفیدی نظر آتی اور ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے۔

حدیث نمبر ٣٦

حدثنا محمد بن ابی بکر حدثنا یحیی عن زهیر عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن ابیه عن عبد الله : کان النبی صلی الله علیه وسلم یکبر فی کل خفض ورفع وقیام و قعو د ویسلم عن یمینه وعن یساره: السلام علیکم ورحمة الله واسلام علیکم ورحمة الله حتیٰ یر ی بیاض خده وکان ابو بکر وعمر یفعلان ذلك قال حسین سلیم اسد: اسناده صحیح ۔

[مسندابی یعلی۹ ص ٦٤ رقم الحد یث٥١٢٨]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے ہیں اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک کی سفیدی نظر آتی اور ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے۔

حدیث نمبر ٣٧

انبا قتیبة بن سعید قال حدثناابو الا حوص عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن الاسود عن عبد الله قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکبر فی کل رفع ووضع و قیام و قعود و ابو بکر و عمر و عثمان ۔

الناشر :دار الکتب العلمیة۔ بیروت [ج١ ص٢٤٥ رقم الحدیث٧٣٥]

المؤلف : احمد بن شعیب ابو عبد الرحمن النسائیی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر وعمر و

عثمان رضی اللہ عنہم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے (رفع یدین نہ کرتے تھے)۔

حدیث نمبر۲۸

انبا قتيبة بن سعيد قال حد ثنا ابو الاحوص عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمة عن عبدالله قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكبر فی كل رفع ووضع و قيام و قعود و ابو بكر و عمر و عثمان۔

[سنن النسائی الكبری ج١ ص٢٤٥ رقم الحديث٧٣٥]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے (رفع یدین نہ کرتے تھے)

حدیث نمبر۲۹

اخبرنا محمدبن المثنی نا معا ذ بن معاذ نا زهير عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن الاسود عن عبدالله قال: رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يكبرفی قل خفض ورفع و قيام و قعود ويسلم عن يمينه وعن شماله السلام عليكم و رحمة الله السلام عليكم ورحمة الله حتى يرى خده ورايت ابا بكر و عمر يفعلان ذلك۔

[سنن النسائی الكبری ج ١ص ٣٩٢رقم الحديث١٢٤٢]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اوردائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی نظر آتی اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے۔

حدیث نمبر۳۰

اخبرنا محمد بن المثنی نا معاذ بن معاذ نا زهير عن ابی اسحاق عن عبد

الرحمن بن الاسود عن علقمه عن عبداللہ قال: رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل خفض ورفع و قیام و قعود و یسلم عن یمینه وعن شماله السلام علیکم ورحمة اللہ السلام علیکم ورحمة اللہ حتی یری بیاض خده ورایت ابا بکر و عمر یفعلان ذلك۔

[سنن النسائی الکبری ج ۱ ص ۳۹۲ رقم الحد یث ۱۲۴۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی نظر آتی اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے۔

حدیث نمبر ۳۱

حدثنا عبداللہ حدثنی ابی ثنا یحیی بن آدم قال ثنا اسرائیل عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الاسود عن ابیه عن عبداللہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل رکو ع و سجو د ورفع ووضع وابو بکر و عمر رضوان اللہ علیهماو یسلمون علی ایما نهم وشمائلهم السلام علیکم ورحمة اللہ۔

تعلیق شعیب الارنووط:اسناده علی شرط الشیخین

[مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۴۱۸ رقم الحدیث ۳۹۷۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر رکوع وسجود میں اور ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کرتے تھے اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے تھے۔

حدیث نمبر ۳۲

حدثنا عبد اللہ حدثنی ابی ثنا یحی بن احمد قال ثنا اسر ائیل عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الا سود عن علقمه عن عبداللہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبرفی کل رکوع و سجو د ووضع وابو بکر وعمر رضوان اللہ

علیھما ویسلمون علی ا یما نھم وشمائلھم السلام علیکم ورحمۃاللہ ۔

تعلیق شعیب الارنو و ط: اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین

[مسند الامام احمد بن حنبل ج ١ص ١٤٨ رقم الحدیث ٣٩٧٢]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہر رکوع وسجود میں اور ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ بھی اسی طرح کرتے تھے اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے تھے۔

حدیث نمبر٣٣

حدثنا عبد اللہ حدثنی حدثنی ابی ثنا ابو احمد قال ثنا اسر ائیل عن ابی اسحاق عن عبد الرحمن بن الا سود عن ابیہ عن عبد اللہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی کل رکو ع وسجود ورفع ووضع وابو بکر و عمر رضوان اللہ علیھما ویسلمون علی ایمانھم وشما ئلھم السلام علیکم ورحمۃ اللہ ۔

تعلیق شعیب الارنووط: اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین

[مسندالامام احمدبن حنبل ج ١ص ٤١٨ رقم الحدیث ٣٩٧٢]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہر رکوع وسجود میں اور ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ بھی اسی طرح کرتے تھے اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہتے تھے۔

حدیث نمبر٣٤

حدثنا عبداللہ حدثنی ابی ثنا ابو احمد قال ثنا اسر ائیل عن ابی اسحاق عن عبدالرحمن بن الا سود عن علقمہ عن عبداللہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبرفی کل رکوع و سجو د ووضع وابو بکر وعمر رضوان اللہ علیھما ویسلمون علی ا یما نھم وشمائلھم السلام علیکم ورحمۃ اللہ ۔

تعلیق شعیب الارنو و ط: اسناده صحیح علی شرط الشیخین ش

[مسند الامام احمد بن حنبل ج ١ص ٤١٨رقم الحدیث٣٩٧٢]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہر رکوع وسجود میں اور ہر اٹھک بیٹھک میں (صرف) تکبیرات کہتے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ بھی اسی طرح کرتے تھے اور دائیں بائیں سلام پھیرتے اور السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہتے تھے۔

حدیث نمبر ۳۵

